# اسلامیات

سوال: 5 اسلامی معاشرے میں خواتین کی ... وضاحت کریں۔

جواب: تعارف:

جس طرح سب انسان ایک ہی باپ کی اولاد ہیں اسی طرح سب کی ماں بھی ایک حضرت حوا ہیں۔ انہی سے پورا گھرانہ وجود میں آیا ہے۔ قرآن میں عورت کو مرد کے وجود کا حصہ قرار دیا ہے یعنی عورت حقیر نہیں ہے بلکہ اسکی حیثیت بھی اتنی ہی ہے جتنی کہ مرد کی۔
جبکہ اسلام سے قبل عورت کو حقیر سمجھا جاتا تھا۔ زندگی کے ہر معاملے میں عورت کو پیچھے رکھا جاتا تھا خواہ وہ تعلیمی معاملات ہوں یا دینی، سیاسی ہوں یا سماجی۔ بچیوں کی پیدائش پر والدین اپنی توہین سمجھ کر انکو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ اور شادی بیاہ کے معاملے میں تو پوچھنا گوارا نہیں کرتے تھے۔ یہاں تک کہ جب دو قبائلوں کے بیچ لڑائی ہوتی تو صلح کیلئے عورت بدلے میں لی اور دی جاتی تھی۔

عورت کی حیثیت:۔ پھر اسلام کی آمد ہوئی۔ قرآن پاک نازل کیا گیا ہمارے پیارے نبی ﷺ پر۔ اور اسلام کے آتے ہی چاروں طرف روشنی پھیل گئی۔ اسلام نے نئی تعلیمات دی، حقوق و فرائض بتائے جنگ اور جہاد میں فرق بتایا۔ یہ اسلام ہی ہے کہ جسکی بدولت آجکل عورت کھلی فضاء میں سانس لے سکتی ہے۔ اپنے حق کیلئے آواز اٹھا سکتی ہے۔ یہاں تک کہ تمام ملکوں کے آئین میں انکے حقوق کا ذکر ہے اور جو کوئی انکی خلاف ورزی کرے گا وہ سخت سزا پائے گا

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتے ہیں:


"اے لوگو! عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو
اور انکے ساتھ صلح رحمی کا برتاؤ کرتے رہو۔
پس اللہ سب دیکھتا اور جانتا ہے۔"

سورۃ النساء

ہمارے پیارے نبیﷺ کا تو یہ عمل تھا کہ حضرت فاطمہؓ جب بھی آپ کے پاس تشریف لاتیں اور آپ ﷺ انکی راہ میں اپنی چادر بچھا دیا کرتے تھے۔

## عورت کے حقوق:

اسلام نے پچھلی تمام رسومات کی نفی کرتے ہوئے عورت کے حقوق و فرائض بتائے ہیں۔




Infinix SMART

۱) زندگی کے تحفظ کا حق:-

ارشادِ ربانی تعالیٰ ہے:

اور جو کوئی کسی کی ناحق جان لے گا تو اسکی سزا جہنم ہے۔ سورۃ النساء

۲) مال کے تحفظ کا حق:-

ارشادِ ربانی تعالیٰ ہے۔

مردوں کیلئے اسمیں سے ہے جو اسنے کمایا
اور عورت کیلئے اسمیں سے جو اسنے کمایا۔ سورۃ النساء

۳) تعلیم و تربیت کا حق:-

حدیث میں ہے کہ:

علم حاصل کرنا ہر مرد اور عورت پر فرض ہے۔

۴) شادی اور حرمتِ نکاح کا حق:-

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

(طلاق کے بعد) اپنی عورتوں کو نہ روکو کہ وہ شوہروں سے نکاح کر سکیں۔ سورۃ البقرۃ۔

۵) سیاسی حقوق:-

عورت کی رائے دہی کا حق، مقننہ میں نمائندگی کا حق اور سفارت کاری کا حق بھی اسلام ہی نے دیا ہے۔

Infinix SMART